| Narration | Time |
|---|---|
| Meet The GIMP میں خوش آمدید. | 00:23 |
| یہ ٹیوٹوریئل شمالی جرمنی کے بریمین میں رالف سٹانورٹ کی طرف سے تیار شدہ ہے. | 00:25 |
| مجھے نیویارک میں جیسن سے ایک ای میل ملا اور اس نے ابھی ابھی، میری طرف سے triptychs شروع کرنے سے پہلے، اس کے مختلف طریقے تلاش کرنے کے لئے، Triptychs کے بارے میں دکھانا بند کر دیا ہے. | 00:30 |
| اور اس نے لیئر ماسک کا استعمال کر کے ایک مختلف طریقے کے بارے میں پتہ لگایا. | 00:45 |
| مجھے لگتا ہے کہ میں آپ کو اس ٹیوٹوریل میں وہ ضرور دکھاؤں | 00:50 |
| میں آپ کو وہ امیج نہیں دکھا سکتا، جو جیسن نے Triptychs کرنے کے لئے استعمال کی تھی، کیونکہ اس نے ان اِمیجز کا استعمال کیا تھا، جو مفت طور پر دستیاب نہیں ہیں، لہذا میں ان کا استعمال نہیں کر سکتا ہوں. | 00:57 |
| Triptychs کرنے کے لئے لیئر ماسک کا استعمال کرنا بہت آسان ہے اور میں نے ایک لیئر ماسک کا استعمال کرنے کے بارے میں اس طریقے میں تھوڑی ترمیم کی ہے. | 01:10 |
| مجھے حیرت ہے کہ میرے دماغ میں یہ خیال کیوں نہیں آیا. | 01:21 |
| میں نے اپنے نئے کیمرا سے jaegermeister bottle کے تین شاٹس لئے ہیں، تو میں یہاں ان تین شاٹس کے ساتھ ایک triptych کرنا چاہتا ہوں. | 01:25 |
| میں اس امیج کو بائیں طرف رکھنا چاہتا ہوں، اس دوسری امیج کو وسط میں اور اسے دائیں طرف رکھنا چاہتا ہوں. | 01:31 |
| میں ان اسکوئر فریموں کو کچھ اس طرح تبدیل کرنا چاہتا ہوں، جو اس امیج کے موافق ہوں. | 01:42 |
| ہم دیکھیں گے کہ یہ کس طرح کام کرتا ہے. | 01:49 |
| اب میں یہاں ان اِمیجز کے ساتھ Triptychs بنانا شروع کر سکتا ہوں اور میں میرے ٹول باکس ونڈو کو فورگراؤنڈ میں لانے کے لئے ٹیب دباتا ہوں. | 01:53 |
| فائل پر کلک کریں اور New منتخب کریں ایک نئی امیج بنانے کے لئے، ہمیں وڈتھ کے لئے 3400 اور ہائیٹ کے لئے 1200 کی ڈیفالٹ ویلیو حاصل ہوتی ہے. | 02:05 |
| میرے پاس 1000 by 1000 کی تین اِمیجز ہیں اور ان کے درمیان 100 پکسل بارڈر ہے. | 02:19 |
| دیکھتے ہیں کہ یہ کس طرح کام کرتا ہے. | 02:31 |

| | |
|---|---|
| اس امیج کو نئی امیج میں شامل کرنے کے لئے، میں ٹول باکس سے اس امیج کی بیک گراؤنڈ لیئر کو یہاں میری نیو امیج پر ڈریگ کرتا ہوں اور آپ کو یہاں بیک گراؤنڈ کاپی حاصل ہوتی ہے. | 02:36 |
| یہ میری سب سے بائیں جانب والی امیج ہے، لہذا میں اس کا نام بدل کر Left کر دیتا ہوں اور میں ٹائپنگ کے بعد اینٹر بٹن دباتا ہوں. | 02:54 |
| اس امیج کو بائیں طرف ہونا چاہیئے. | 03:04 |
| اور اگلی امیج دائیں جانب ہونی چاہیئے، چنانچہ اسی طرح اپنی امیج کو ڈریگ کرتا ہوں اور اس کے مطابق اس کو Right نام دیتا ہوں. | 03:08 |
| یہ تیسری امیج ہے اور یہ میری مرکزی ونڈو بنے گی، لہذا میں اس امیج کو نئی امیج پر ڈالتا ہوں اور اس لیئر کا نام بدل کر سینٹر Center کر دیتا ہوں. | 03:32 |
| میں نے رائٹ اور سینٹر لیئرس پوشیدہ کر دیں ہیں اور اب میں left لیئر کو تھوڑا چھوٹا کرنا چاہتا ہوں اور جب میں اسے تھوڑا چھوٹا جیسے 10% نیچے زوم کرتا ہوں، آپ اس لیئر کے بارڈرس دیکھ سکتے ہیں اور اب امیج کا پورا فریم دیکھا جا سکتا ہے. | 03:49 |
| اور اب میں Move ٹول منتخب کرتا ہوں تا کہ میں اس امیج کو کھسکا سکوں اور تھوڑا سا ایڈجسٹ کر سکوں. | 04:16 |
| یہ امیج کھسک نہیں رہی ہے کیونکہ میں نے سینٹر لیئر کو منتخب کیا ہے. | 04:26 |
| لہذا اب میں لیفٹ لیئر منتخب کرتا ہوں اور اسے اس بوتل کے حالات کے مطابق کھسکاتا ہوں. | 04:33 |
| میں اس لیئر کو تھوڑا چھوٹا کرنا چاہتا ہوں، اس لئے میں ٹول باکس سے Scale ٹول منتخب کرتا ہوں پھر Tool Information پر جاتا ہوں اور aspect ratio پر کلک کرتا ہوں اور پریو میں، میں امیج آپشن کو منتخب کرتا ہوں. | 04:39 |
| اب میں لیئر میں کلک کرتا ہوں، اور انفارمیشن ونڈو کو ایک طرف کھسکاتا ہوں اور اسے ایک کونے سے کم کرتا ہوں. | 04:59 |
| مجھے لگتا ہے کہ یہ کچھ کچھ کم سا ہے. | 05:09 |
| میں اس امیج کو پکڑ سکتا ہوں اور میں اسے وہاں رکھ سکتا ہوں جہاں میں رکھنا چاہتا ہوں اور مجھے لگتا ہے کہ مجھے یہاں کچھ ہدایات رکھنی چاہیئے. | 05:15 |
| میں اس امیج کو 100% زوم کرتا ہوں اور اوپری بائیں کنارے پر جاتے ہیں. | 05:30 |
| اب میں یہاں ہدایات کے لئے رولرس نیچے کھینچتا ہوں. | 05:38 |

| | |
|---|---|
| 05:43 | مجھے حیرت ہے کہ میں رولر کو کیوں نہیں کھسکا پایا، یہاں ایک متبادل move the active layer ہے، اس کا انتخاب کرتے ہوئے، میں فعال لیئر کو موو کر سکتا ہوں. |
| 06:01 | لیئروں کو محفوظ کرنا ایک اچھا طریقہ ہے، میں فریم کے سائز کے طور پر دائیں جانب 100 لیتا ہوں اور میں نیچے جاتا ہوں اور اسے 1100 متعین کرتا ہوں اور دائیں جانب میں اسے 1100 پر سیٹ کرتا ہوں. |
| 06:31 | یہ میری امیج کے لئے فریم ہے. |
| 06:34 | Shift + Ctrl + E مجھے پوری امیج پیش کرتا ہے، اب میں active layer آپشن کو منتخب کرتا ہوں. |
| 06:43 | Zoom ratio میں، میں 10% لیتا ہوں. |
| 06:48 | مجھے لگتا ہے کہ مجھے 13% منتخب کرنا چاہئے اور یہ کافی ہے. |
| 06:59 | میں اسکیل ٹول پر کلک کرتا ہوں اور aspect ratio کو بنائے رکھتا ہوں اس سکیل ونڈو کو فریم کے باہر کھینچیں. |
| 07:10 | اب میں اس امیج کو سکیل یعنی پیمائش کرتا ہوں. |
| 07:14 | اب میرے پاس یہ دیکھنے کے لئے فریم ہے کہ میں اس امیج کو کہاں لگانا چاہتا ہوں. |
| 07:21 | اور مجھے لگتا ہے کہ مجھے اسے تھوڑا سا چھوٹا بنانا چاہئے کیونکہ میں اس امیج میں یہاں گلاس شیڈ رکھنا چاہتا ہوں. |
| 07:40 | اب میں اسکیل پر کلک کرتا ہوں اور مجھے میری پیمائش کی ہوئی امیج حاصل ہو جاتی ہے. |
| 07:49 | اس امیج کے ارد گرد فریم حاصل کرنے کے لئے، میں نے صرف ایک لیئر ماسک لگایا ہے. |
| 08:01 | میں نے لیئر ماسک کو بلیک یعنی فل ٹرانسپیرنسی بنایا ہے. |
| 08:07 | صرف add پر کلک کریں. |
| 08:13 | لہذا اب میں یہاں بارڈرس کے اندر ایک ریکٹینگل یعنی مستطیل منتخب کرتا ہوں اور اسے وائٹ کلر سے بھرتا ہوں. |
| 08:23 | میں یہاں وائٹ کلر بھرتا ہوں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ بوتل دکھائی دینے لگتی ہے اور یہاں فریم کو پورا کرنے کے لئے، میں صرف اس میں زوم کرتا ہوں. |
| 08:36 | میں برش استعمال کر کے لیئر ماسک پر بے قاعدہ جھٹکوں کے ساتھ وائٹ کلر سے پینٹ کروں گا. |
| 08:44 | اس کے لئے میں برش ٹول منتخب کرتا ہوں، یہاں ڈائیلاگ پر جائیں اور میں یہاں پینٹنگ کے لئے ایک نرم برش منتخب کرتا ہوں. |
| 09:01 | پینٹنگ سے پہلے، مجھے Shift + Ctrl + A دبا کر میرے انتخابات کو غیر منتخب کرنا ہوگا، اب میں وائٹ کلر سے پینٹ کرنا شروع کر سکتا ہوں. |

| | |
|---|---|
| 09:13 | میں white color منتخب کر لیتا ہوں. |
| 09:16 | اب میں یہاں چاروں طرف white color سے پینٹ کرتا ہوں اور آپ دیکھتے ہیں، لیئر ماسک پر white color سے پینٹ کرتے ہوئے میں نچلی امیج کو ظاہر کر رہا ہوں. |
| 09:28 | پینٹنگ بے قائدہ ہے لیکن یہ ٹھیک ہے. |
| 09:40 | اب میں ایک مختلف برش منتخب کر رہا ہوں اور مجھے لگتا ہے کہ یہ بہتر ہے. |
| 09:49 | مجھے ایک fuzzy corner یعنی مبہم کونا حاصل ہوتا ہے. |
| 09:52 | مجھے امیج کو 100% زوم کرنا چاہیئے، جس سے آپ اسے دیکھ سکیں. |
| 10:04 | مجھے یہاں ایک قسم کا fuzzy یعنی مبہم بارڈر حاصل ہوتا ہے اور میں اس کے اوپر ڈبل پینٹنگ کر کے ایک لمحے میں اسے تھوڑا اور مبہم (fuzzy) بناوں گا. |
| 10:16 | اور اب آپ دیکھ سکتے ہیں کہ بارڈر تھوڑا اور بے قائدہ ہو جاتا ہے. |
| 10:22 | شاید یہ درست ٹول نہیں ہے لیکن آپ مختلف ٹولز استعمال کر سکتے ہیں اور اب میں اس امیج کو sharp کرنا چاہتا ہوں |
| 10:35 | آپ دیکھ سکتے ہیں کہ میں اب بھی لیئر ماسک پر کام کر رہا ہوں. |
| 10:41 | آپ یہاں اس کی جانچ کر سکتے ہیں. |
| 10:43 | یہاں لیئر ماسک کو سفید رنگ کے ساتھ منتخب کیا گیا ہے. |
| 10:47 | لہذا Filters، Blur، Gaussian blur پر کلک کریں اور میں یہاں high blur count منتخب کرتا ہوں اور مجھے لگتا ہے کہ یہ صحیح ہے. |
| 11:03 | اور اب میرے پاس اس کے ارد گرد ایک حقیقی fuzzy بارڈر ہے. |
| 11:10 | لہذا پوری امیج کو دیکھتے ہیں، Shift + Ctrl + E دبائیں. |
| 11:17 | میرے پاس میرے tryptychs کا پہلا حصہ ہے اور میں اسی طرح دیگر کو کرتا ہوں. |
| 11:26 | میں نے دیگر اِمیجز کے ساتھ کام مکمل کر لیا ہے، آپ یہاں دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے rulers کے اوپر مزید پینٹ کر دیا ہے اور میں یہاں بھی ویسا ہی کر سکتا ہوں. |
| 11:39 | اب میں rulers ہٹانا چاہتا ہوں اور اس کے لئے نیا طریقہ، image، Image Guides پر جانا ہے اور یہاں میں تمام guides ہٹا سکتا ہوں. |

| | |
|---|---|
| 11:54 | میں نے جانا کہ میں یہاں ایک نیا guide بنا سکتا ہوں، numerically یعنی عددی طور پر پوزیشن کو منتخب کرتے ہیں. |
| 12:03 | اس آپشن کی موجودگی بھی خوب ہے. |
| 12:08 | GIMP میں اتنے زیادہ آپشنس ہیں کہ آپ ان سب کو یاد نہیں رکھ سکتے. |
| 12:14 | View پر جائیں اور لیئر باؤنڈری کو غیر منتخب کریں. |
| 12:18 | میں اس بوتل کو کونے سے تھوڑا سا اوپر رکھنا چاہتا ہوں. |
| 12:23 | مجھے لگتا ہے کہ یہاں تھوڑی زیادہ جگہ ہے اور یہاں تھوڑی کم. |
| 12:30 | مجھے لگتا ہے کہ right اور center امیج یہاں دائیں کونے پر ہیں. |
| 12:36 | لیکن مجھے لگتا ہے کہ اس بوتل کو وہاں جانا چاہئے. |
| 12:41 | لہذا میں فُل اسکرین موڈ سے باہر جاؤں گا. |
| 12:45 | میں center اور right لیئر کو غیر منتخب کرتا ہوں اور Left لیئر پر توجہ مرکوز کرتا ہوں. |
| 12:54 | اب مجھے ہدایات کے لئے رولرس کی ضرورت ہے. |
| 12:58 | لہذا Image، Guides، New guide پر کلک کریں اور horizontal position میں 100 ٹائپ کریں. |
| 13:10 | دوبارہ Image، Guides، New guide پر جائیں اور vertical position میں 100 منتخب کریں. |
| 13:20 | اور اب میں Move ٹول کو منتخب کرتا ہوں۔ Options پر جائیں، move the active layer آپشن منتخب کریں، میں اسے یہاں صرف اوپر منتقل کرتا ہوں. |
| 13:37 | مجھے لگتا ہے کہ میں نے ایک غلطی کی ہے، لہذا میں Ctrl + z دبا کر اس اسٹیپ کو انڈو کرتا ہوں . یہاں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ماسک منتخب ہو جاتا ہے. |
| 13:49 | میں لیئر کو منتقل کرنا چاہتا ہوں. |
| 13:51 | لہذا اب میں امیج کو منتخب کرتا ہوں اور اسے صرف اُوپر کھینچتا ہوں، ماسک اس کے ساتھ ہی منتقل ہو جاتا ہے. |
| 13:58 | مجھے ماسک کو لاک کرنے کا کوئی طریقہ نہیں ملا لیکن میں یہ ٹھیک کر سکتا ہوں. |
| 14:04 | میں لیئر ماسک کو منتخب کرتا ہوں اور لیئر ماسک کو دوبارہ میرے کونے پر واپس لاتا ہوں. |
| 14:13 | مجھے لگتا ہے کہ یہ اب بہتر دکھائی پڑتا ہے. |

| | |
|---|---|
| 14:19 | اس امیج کو نیویارک میں جیسن کی مدد سے مکمل کرلیا گیا ہے. |
| 14:28 | نہیں یہ امیج مکمل نہیں ہوئی ہے. |
| 14:32 | میں وہ چیز عام طور پرنہیں بھولتا,لیکن میں ہمیشہ بھولتا ہوں جب میں ریکارڈ کرر ہا ہوتا ہوں کیونکہ مجھے صرف اپنی امیج بنانے کےعلاوہ بہت سی دیگر چیزوں کے بارے میں بھی سوچنا پڑتا ہے. |
| 14:47 | میں دوبارہ اس کوسیوکرنا بھول گیا ہوں. |
| 14:56 | اسے jaegermeister.xcf نام سے سیوکریں، xcf میں لیئرکی ساری معلومات شامل ہوتی ہے، میں ویب کے لئے رِسکیلِنگ سے متعلق مکمل موادکو ہٹادوں گا. |
| 15:08 | اس فائل کے لئے آ پکو meetthegimp @ org میں شونوٹس میں ایک لنک ملے گا، اگر آپ کوئی تبصرہ کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ایسا کریں. |
| 15:18 | اس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدا بندی میں نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے .شامل ہونے کے لئے شکریہ. |
| | |